## سندھ میں لسانی فسادات کی سازش کی جارہی ہے، الطاف حسین

## سندھ کے عوام کو آپس میں لڑانے اور صوبے کا امن خراب کرنے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کے ایجنٹ ہیں

## سندھ کے مستقل باشندے صوبے میں لسانی فسادات کی سازش سے ہوشیار رہیں اور اپنے اتحاد سے سازش ناکام بنادیں

## نائن زیرو عزیز آباد میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔9مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایک گھناؤنے منصوبے کے تحت سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان اتحاد ویکجہتی کی فضاء کو سبوتاژ کرنے اور سندھ میں لسانی فسادات کی سازش کی جارہی ہے۔ انہوں نے سندھ بھر کے مستقل باشندوں سے اپیل کی وہ سندھ میں لسانی فسادات کی سازش سے ہوشیار رہیں، نام نہاد قوم پرستوں کے بہکاوے میں ہرگز نہ آئیں اور اپنے اتحاد سے صوبے کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔ یہ بات انہوں نے آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی اور اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان کے اجلاس سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پاکستان کی تمام قومیتوں بالخصوص سندھی بولنے والے سندھی اور پختون ذمہ داران بڑی تعداد میں شریک تھے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم گزشتہ کئی برسوں سے ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، صوبائی ہم آہنگی، لسانی ہم آہنگی اور سندھ میں شہری دیہی تفریق کے خاتمے کیلئے دن رات جدوجہد کررہی ہے جس کے نتیجے میں سندھ میں امن وامان اور بھائی چارے کی فضاء قائم ہے لیکن پیپلز پارٹی کے بعض رہنماء اور وزراء نام نہاد قوم پرستوں کے ساتھ مل کر ہماری کوششوں کو ناکام بنانے کیلئے سندھ میں لسانی فسادات کی سازش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے اور صوبے کا امن خراب کرنے کی سازش کررہے ہیں وہ جاگیرداروں اور وڈیروں کے ایجنٹ ہیں جو پاکستان بالخصوص صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کی مقبولیت سے شدید خوف زدہ ہیں اور سندھ میں لسانی فسادات کی سازش کرکے ایم کیوایم کو علاقائی سیاست میں الجھانا چاہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ صوبہ سندھ میں لسانی فسادات کی سازش سے ہوشیار رہیں اور صوبے بھر کے عوام کو اس سازش سے آگاہ کریں اور سندھ کا امن تباہ کرنے والے عناصر کی باتوں میں ہرگز نہ آئیں اور اپنے مثالی اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے سندھ میں سندھی مہاجر اور پختون مہاجر فسادات کی سازش کو ناکام بنادیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم جمہوریت پسند جماعت ہے اور عدم تشدد پر یقین رکھتی ہے، حق پرستی کی جدوجہد میں ایم کیوایم نے آگ اور خون کے دریا عبور کئے ہیں اور ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان اور حق پرست عوام سندھ دھرتی اور اس کے مستقل باشندوں کے خلاف ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔

## جولوگ اپنی ماؤں کو عظمت اور عزت کا درجہ نہیں دیتے وہ کبھی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوسکتے

## مدرڈے کے عالمی دن کے موقع پر الطاف حسین کا پیغام

لندن۔۔۔9مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مدرڈے کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر کی تمام ماؤں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ مدرڈے کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک ماں کی اپنے بچے کو دی جانے والی تربیت ہی کسی بھی معاشرے کی بہتری اور ترقی وخوشحالی کا سبب بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری بہادر والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ نے بھی مجھے ہمیشہ حق وسچ کا درس دیا اور آج میں جس مقام پر ہوں اپنی والدہ کی بدولت ہوں اور کسی بھی بچے کی اصل تربیت ودرسگاہ ماں کی گود ہی ہے جس کی بدولت وہ معاشرے میں اونچا اور اعلیٰ مقام حاصل کرنے میں کامیاب ہوتا ہے۔ جناب الطاف حسین مدرڈے کے موقع پر ماں کی عظمت کو سلام تحسین پیش کیا اور کہا کہ جولوگ اپنی ماؤں کو عظمت اور عزت کا درجہ نہیں دیتے وہ کبھی کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوسکتے۔

## وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی خوشدامن کے انتقال پر الطاف حسین کا فون پر اظہار تعزیت
## الطاف حسین نے رحمٰن ملک کی اہلیہ سے بھی ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کی

لندن۔۔۔9مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی خوشدامن کے انتقال پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔اتوار کی شب لندن میں وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے ٹیلیفون پر تعزیت کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے۔ جناب الطاف حسین نے رحمٰن ملک کی اہلیہ سے بھی ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کی اور ان سے کہا کہ وہ اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان انکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

## رحمان ملک کی خوشدامن کے انتقال پر ڈاکٹر فاروق ستار، محمد انور اور سینیٹر بابر غوری کا اظہار تعزیت
## مرحومہ کی رہائش گاہ جاکر سوگوار لواحقین کو الطاف حسین کا تعزیتی پیغام پہنچایا

لندن۔۔۔9مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار، رکن محمد انور اور وفاقی وزیر سینیٹر بابر خان غوری نے وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک کی خوشدامن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور ان کی رہائش گاہ واقع لندن جاکر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔ایم کیوایم کے نمائندوں نے رحمان ملک اور دیگر سوگوار لواحقین کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا پیغام پہنچایا۔وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ہمراہ رہے اور انہوں نے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## پنجاب اسمبلی کے اسپیکر رانا محمد اقبال کی والدہ محترمہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب اسمبلی کے اسپیکر رانا محمد اقبال کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## وزیر اعظم کا اعلان سندھ کے وڈیروں اور جاگیرداروں کی نمائندگی کرتا ہے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی
## پیپلز پارٹی کے بعض وزراء اپنے مفادات کیلئے جمہوری روایت کے برعکس وزیر اعظم سے غیر مقبول فیصلے کرا رہے ہیں
## حیدرآباد ضلع کی سابق حیثیت میں بحالی کا اقدام حیدرآباد سمیت ملک بھر کے عوام کی نظروں میں آمرانہ ہے
## ایم کیوایم اعلان کو ہرگز قبول نہیں کریگی

کراچی۔۔۔9مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے حیدرآباد ضلع کی پرانی حیثیت بحال کرنے کا اعلان سندھ کے وڈیروں اور جاگیرداروں کی نمائندگی کرتا ہے جسے ایم کیوایم ہرگز قبول نہیں کریگی۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے بعض وزراء اور رہنما وزیر اعظم سے غیر مقبول فیصلے کرا رہے ہیں جس کے نتائج کسی طرح بھی ملک وقوم کے مفاد میں نہیں ہوسکتے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سندھ میں حکومت کی اتحادی جماعت ہے اور اس کو اعتماد میں لئے بغیر وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے ضلع حیدرآباد کی سابق حیثیت بحال کرنے کا اعلان جمہوریت اور جمہوری حکومت میں دراڑیں ڈالنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک وقوم کے مستقبل کو رخشندہ تابندہ دیکھنے کے آرزومند ہیں اور ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں جمہوریت کا فروغ چاہتے ہیں تاہم اسے ایم کیوایم کی کمزوری سے تعبیر نہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم انقلابی جماعت ہے اور وہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے

مستقل خاتمے کی جدوجہد کر رہی ہے اور حیدرآباد ضلع کی سابق حیثیت میں بحالی کا اعلان جاگیرداروں اور وڈیروں کے سر پر ہاتھ رکھنے اور سندھ کے غریب ومظلوم عوام میں محرومیاں پیدا کرنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم ملک بھر کے عوام کے وزیراعظم ہیں انہیں مراعات یافتہ طبقے کے بجائے غریب ومظلوم عوام کے مفادات کو عزیز رکھنا چاہئے اور ایسے غیر مقبول فیصلے نہیں کرنا چاہئے جس سے جمہوری عمل کو نقصان پہنچنے اور ملک وقوم کے ایک اور نئے بحران میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہر مشکل وقت میں پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا لیکن پیپلز پارٹی کے بعض وزراء اپنے مفادات کی خاطر وزیراعظم کو غلط مشورے دے رہے ہیں اور ان کا یہ عمل سراسر جمہوریت کو نقصان پہنچانے اور اتحادی جماعت ایم کیوایم پر ایک اور وار کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام ہی طاقت کا سرچشمہ ہے اور عوامی خواہشات کو جاگیرداروں اور وڈیروں کی خواہش پر ترجیح دینا ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی منازل طے کرنے سے روکنا اور سندھ میں دیہی اور شہری تفریق پیدا کرنا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سندھ میں دیہی اور شہری کی تفریق کو ختم کیا اور سندھ کے مستقل باشندوں کے درمیان اتحاد واتفاق کی فضا قائم کی اور حیدرآباد ضلع کی سابق حیثیت میں بحالی کا اقدام حیدرآباد سمیت ملک بھر کے عوام کی نظروں میں آمرانہ ہے جس پر ردعمل کا اظہار کرنا ہر شہری کا اپنا جمہوری حق ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ حیدرآباد ضلع کی سابق حیثیت میں بحالی کا اعلان فی الفور واپس لیا جائے اور اتحادی جماعت کو شامل کئے بغیر فیصلے کرنے کی روایت کو ختم کر کے ملک میں مثبت جمہوری روایت کو فروغ دیا جائے۔

## معروف غزل گائیک آصف علی مرحوم کی تدفین میں ایم کیوایم کی شرکت
## قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے حق پرست رکن سندھ مزمل قریشی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9،مئی 2010ء

معروف غزل گائیک آصف علی مرحوم کو گلستان جوہر کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی ، ایم کیوایم گلستان جوہر اور گلشن اقبال سیکٹرز کمیٹی کے اراکین ، یونٹوں کے ذمہ داران، فن موسیقی سے وابستہ شخصیات اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ بعد ازاں مزمل قریشی نے آصف علی مرحوم کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور مرحوم کے انتقال پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔

## مشہور غزل گلوکار آصف علی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مشہور غزل گلوکار آصف علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ فن موسیقی میں آصف علی کی خدمات نظر انداز نہیں کی جاسکتیں۔رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆